سوال

(133) بغیر حساب وکتاب جنت میں لے جانے والے اعمال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بغیر حساب وکتاب کے جنت میں آدمی کن اعمال کی وجہ سے جائے گا۔ دلائل سے ثابت کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری میں ہے:

«هُمُ الَّذِينَ لاَ يَسْتَرْقُونَ، وَلاَ يَكْتَوُونَ وَلاَ يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ»

''امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ستر ۷۰ ہزار آدمی بغیر حساب وعذاب کے جنت میں جائیں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو نہ دم کرواتے ہیں، نہ علاج کی غرض سے اپنے جسم کو داغتے ہیں اور نہ فال نکالتے ہیں، بلکہ وہ صرف اپنے پروردگار پر ہی توکل کرتے ہیں۔''

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص